NYC HEALTH+ HOSPITALS



## سب کے لیے ٹیکہ کاری

# Pfizer COVID-19 افزائشی ٹیکے

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

Pfizer COVID-19 کا افزائشی ٹیکہ ان اہل افراد کے لیے سفارش کیا جاتا ہے جنھوں نے کم از کم چھ ماہ یا اس سے پہلے Pfizer COVID-19 کی دوسری خوراک لگوائی تھی اور جنہیں COVID-19 لگنے یا COVID-19 کے باعث بیمار پڑنے کا شدید خطرہ ہے، بشمول ایسے افراد کے جن کی عمریں 65 برس اور اس سے زیادہ ہیں۔ افزائشی ٹیکہ Pfizer کی دوسری خوراک لگوانے کے چھ ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ گزرنے کے بعد لگوانی چاہیے۔

**افزائشی ٹیکہ کیا ہے؟**

افزائشی ٹیکہ ویکسین کی ایک اضافی خوراک ہوتی ہے جو ان لوگوں کو لگائی جاتی ہے جن کے اندر ٹیکہ کاری کے باعث تحفظ پیدا ہوچکا ہوتا ہے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ہوسکتا ہے کہ ان کے تحفظ میں کمی آگئی ہو (اس کو قوتِ مدافعت میں کمی کہا جاتا ہے۔)

**افزائشی ٹیکہ کون لگوا سکتا ہے؟**

مندرجہ ذیل گروہوں سے تعلق رکھنے والے ایسے افراد جنھوں نے کم از کم چھ ماہ پہلے Pfizer ویکسین کی دوسری خوراک لگوائی ہو وہ Pfizer کا افزائشی ٹیکہ لگوا سکتے ہیں:

+ جن کی عمریں 65 برس یا اس سے زیادہ ہیں
+ جو کسی نرسنگ ہوم یا ایسے ٹھور ٹھکانے میں مقیم ہیں جہاں طویل مدتی دیکھ بھال کی جاتی ہے
+ 18 سے 64 برس کی عمر کے درمیان ایسے افراد جن میں بعض مخصوص طبی عوارض کے باعث COVID-19 سے بیمار پڑنے کا شدید خطرہ ہو
+ ایسے افراد جن کی عمریں 18 سے 64 برس کے درمیان ہیں اور جنہیں اپنے کام کی نوعیت (مثلاً صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کارکنان اور اساتذہ) یا جائے رہائش یا اکثر آنے جانے کی جگہوں (مثلًا بے گھر افراد کے لیے جائے رہائش) کے باعث COVID-19 لگنے کا بہت زیادہ خطرہ ہے۔

**افزائشی ٹیکے کی سفارش کیوں کی جاتی ہے؟**

Pfizer ویکسین اس وقت بھی COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے، ہسپتال میں داخل ہونے یا فوت ہونے سے بچانے کے لیے بہت زیادہ مؤثر ہے۔ تاہم، بعض مطالعات میں دکھایا گیا ہے کہ Pfizer ویکسین سے بیماری کے خلاف جو تحفظ ملتا ہے وہ تقریباً چھ ماہ کے بعد کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ افزائشی ٹیکہ ان افراد کو اضافی تحفظ فراہم کر سکتا ہے جن کو COVID-19 لگنے یا COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے کا بہت زیادہ خطرہ ہو، بالخصوص ایسی صورت میں کہ جب ہماری بستیوں میں ڈیلٹا ویئرنٹ بھی گردش میں ہو۔

**کیا افزائشی ٹیکہ ان لوگوں کے لیے بھی دستیاب ہے جنھوں نے Moderna یا Johnson & Johnson کی COVID-19 کی ویکسین لگوائی ہوں؟**

Pfizer کا افزائشی ٹیکہ صرف ان اہل افراد کے لیے ہی دستیاب ہے جنھوں نے Pfizer ویکسین کی پہلی دو خوراکیں لگوالی ہوں۔ Pfizer کا افزائشی ٹیکہ ان لوگوں کو لگانے کی اجازت نہیں ہے جنھوں نے Moderna یا Johnson & Johnson ویکسین لگوا رکھی ہو۔

**ایسے کون سے طبی عوارض ہیں جن کے باعث COVID-19 سے شدید بیمار پڑنے کا خطرہ ہے؟**

جن طبی عوارض کے باعث COVID-19 سے بیمار پڑنے کا خطرہ بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے، ان میں ذیابیطس، دل کے عوارض ، گردوں کی دیرینہ بیماریاں، پھیھڑوں کی دیرینہ بیماریاں، جگر کی بیماری، کینسر، ذہنی جبلتوں کا انحطاط (dementia)، ایچ آئی وی اور اس کے علاوہ حمل سے ہونا شامل ہیں۔ مکمل فہرست کے لیے ملاحظہ کریں: cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/need-extra-precautions/people-with-medical-conditions.html

جاری ◄

**ایسے کون سے افراد ہیں جن کو اپنی کام کی جگہ یا پھر کسی دوسری مخصوص جگہ پر COVID-19 لگنے کا بہت زیادہ خطرہ ہے؟**

وہ ملازمین جن میں COVID-19 لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہے ان میں صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے، اساتذہ، دن میں نگہداشت فراہم کرنے کا عملہ، ریستوران اور پنساری کے سامان کی دکانوں میں کام کرنے والے افراد شامل ہیں۔ دیگر ایسی مخصوص جگہیں جہاں کوویڈ لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہے ان میں بے گھر افراد کے لیے جائے رہائش اور جیل شامل ہیں۔

**مجھے یہ کیسے معلوم ہوگا کہ آیا مجھے افزائشی ٹیکے کی ضرورت ہے یا نہیں؟**

اگر آپ کو افزائشی ٹیکہ لگوانے یا نہ لگوانے کے متعلق کسی قسم کا سوال پوچھنا ہو تو اپنی صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندہ سے اس بارے میں معلوم کریں۔ اگر آپ کو فراہم کنندہ حاصل کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے تو 311 پر کال کریں۔

**ایسی خواتین جو حاملہ ہیں، چھاتی کا دودھ پلا رہیں ہیں یا حمل سے ہونے کی کوشش کر رہیں ہیں کیا وہ بھی افزائشی ٹیکہ لگوا سکتیں ہیں؟**

ایسی خواتین جو حاملہ نہیں ہیں، ان کے مقابلہ میں حاملہ خواتین یا حال ہی میں حاملہ ہوئیں خواتین میں COVID-19 کی شدید بیماری لگنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ حاملہ خواتین کو COVID-19 کے خلاف ویکسین لگائی جانی چاہیے۔ اگر حاملہ خواتین بھی اہلیت پر پوری اترتیں ہیں تو ان کو بھی افزائشی ٹیکہ لگایا جانا چاہیے۔

**افزائشی ٹیکہ لگوانے کے کیا خطرات ہیں؟**

ایسے کئی افراد جنہوں نے Pfizer ویکسین کی دو خوراکیں لگوائی ہیں، ان میں افزائشی ٹیکہ کے فوائد زیادہ اور خطرات کم ہیں۔ اب تک دیکھا یہی گیا ہے کہ تیسرے ٹیکے سے ہونے والا ردِ عمل بھی ویسا ہی ہے جیسا پہلی دو خوراکیں لگوانے سے ہوتا ہے۔ سب سے عام ضمنی اثرات میں تھکاوٹ اور بازو میں سوزش ہی تھے۔ کئی ضمنی اثرات ہلکے سے درمیانہ درجے کے تھے۔ ضمنی اثرات انتہائی کم ہوتے ہیں، تاہم افزائشی ٹیکے سے ضمنی اثرات پیدا ہوسکتے ہیں۔

**کیا افزائشی ٹیکہ بھی ویکسین کی پہلی دو خوراکوں کی طرح ہے؟**

ہاں۔ Pfizer کا افزائشی ٹیکہ بھی اسی ویکسین کی خوراک ہے جیسے پہلی دوخوراکیں تھیں۔

**مجھے افزائشی ٹیکہ کب لگوانا چاہیے؟**

آپ جب Pfizer COVID-19 ویکسین کی دوسری خوراک لگوا لیں تو اس کے چھ ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ گزرنے کے بعد آپ کو افزائشی ٹیکہ لگوانا چاہیے۔

**اگر ہمیں افزائشی ٹیکے کی ضرورت پڑتی ہے، تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ ویکسین کام نہیں کر رہی ہے؟**

جی نہیں۔ COVID-19 کی ٹیکہ کاری شدید بیمار پڑنے، ہسپتال میں داخل ہونے اور فوت ہونے سے بچانے میں تمام بہتر انداز میں کام کر رہی ہے، حتیٰ کہ یہ بڑے پیمانے پر گردش کرنے والے ڈیلٹا ویریئنٹ کے خلاف بھی کام کر رہی ہے۔ تاہم، صحتِ عامہ کے ماہرین نے تحفظ میں ہلکے پیمانے پر کچھ کمی محسوس کی ہے، بالخصوص آبادی کے کچھ مخصوص حلقوں میں۔

**میرا مدافعتی نظام کمزور ہے اور میں نے ویکسین کی تیسری خوراک لگوائی ہے۔ کیا مجھے بھی افزائشی ٹیکہ لگوانا چاہیے؟**

جی نہیں۔ اس وقت چوتھی خوراک کے حوالے سے کوئی سفارش موجود نہیں ہے۔ درمیانہ درجے سے شدید کمزور مدافعت رکھنے والے افراد کو تیسری خوراک دیئے جانے کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے nychealthandhospitals.org/covid-19-vaccines پر جائیں۔

**میں مفت افزائشی ٹیکہ کہاں سے حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟**

Pfizer کے افزائشی ٹیکے NYC Health + Hospitals نظام کے 11 ہسپتالوں میں دستیاب ہیں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ اسی ہسپتال سے افزائشی ٹیکہ لگوائیں جہاں سے آپ نے Pfizer ویکسین کی پہلی دو خوراکیں لگوائی ہیں۔ اپنے افزائشی ٹیکے کے لیے NYC Health +Hospitals کے شدید دیکھ بھال ہسپتال میں بہ ذاتِ خود جائیں؛ ملاقات کا وقت متعین کرنے کے لیے covid19.nychealthandhospitals.org/COVIDVaxEligibility پر جائیں یا کسی بھی زبان میں مدد کے لیے 1-877-829-4692 پر کال کریں۔ Pfizer کے افزائشی ٹیکے NYC Health + Hospitals/ Gotham Health کے ٹھور ٹھکانوں پر دستیاب نہیں ہیں۔

**کیا میں دیگر ویکسین (مثلًا فلو کی ویکسین) کے ساتھ افزائشی ٹیکہ لگوا سکتا/سکتی ہوں؟**

ہاں۔ دیگر ٹیکے لگوانے کے وقت یا اس سے پہلے یا بعد میں کسی بھی وقت افزائشی ٹیکہ لگوانا محفوظ ہے۔ اگر آپ نے ابھی تک اپنے فلو کا ٹیکہ نہیں لگوایا تو NYC Health + Hospitals کے شدید دیکھ بھال ہسپتالوں کے ٹھور ٹھکانوں پر دونوں دستیاب ہیں۔

**کیا مکمل ٹیکہ کاری کے لیے افزائشی ٹیکے کی ضرورت ہے؟**

جی نہیں۔ دو خوراکوں والی ویکسین (جیسے Pfizer یا Moderna) کی دوسری خوراک لگوانے کے دو ہفتوں بعد یا ایک خوراک والی ویکسین Johnson & Johnson لگوانے کے دو ہفتوں بعد مذکورہ افراد کو مکمل طور پر ٹیکہ کاری شدہ مانا جاتا ہے۔

**کیا افزائشی ٹیکے لازمی ہوں گے؟**

نیویارک ریاست کی ٹیکہ کاری صحت کی دیکھ بھال کے کارکنان کے لیے صرف پہلی اور دوسری خوراک کو لازمی قرار دیتی ہے۔ لازمی میں افزائشی ٹیکے شامل نہیں ہیں۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS

Published: 9/29/2021